© rasailojaraid.com


کا انتظام مولانا الیاسؒ کے سپرد ہوا جو مولانا محمدؒ صاحب کے چھوٹے بھائی تھے۔
مولانا محمد الیاسؒ نے دہلی کے مدرسہ کے علاوہ میوات میں تقریباً سو مکتب قائم کئے۔ اور اصلاح و تبلیغ کا آغاز ہوا۔ ۲ر اگست ۱۹۳۴ء کو مولانا نے ایک سو سات میواتی مسلمانوں پر مشتمل ایک پنچائت قائم کی۔ جس نے اسلام کی تعلیمات کو پھیلانے اور اپنی زندگی میں برتنے کا وعدہ کیا اور درحقیقت یہی موجودہ تبلیغی جماعت کا آغاز ہے۔ ۲ر جولائی ۱۹۴۴ء کو مولانا محمد الیاسؒ فوت ہوئے تو جماعت کی امارت ان کے فرزند سعید مولانا محمد یوسف کو سونپی گئی انہوں نے تحریک کو عام کرنے اور اسلام کی تبلیغ کے لئے بھرپور جہد وسعی کی جس کا ثمر ہر شخص دیکھ رہا ہے۔
انہی تحریکی مراحل کی مفصل روداد زیر تبصرہ کتاب ہے، ہندوستان میں اسلام کی سرگزشت کے سلسلے میں یہ کتاب ایک اہم کڑی کی حیثیت رکھتی ہے۔ تاریخ اسلام سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔

**آسان مدنی قاعدہ** مؤلف، قاری محمد سلیمان۔ ناشر: مدرسہ تعلیم القرآن موتی مسجد چھوٹی الیسٹ کیمبل پور۔ کتابت وطباعت: گوارا۔ قیمت: ۵۰ پیسے۔ زیر نظر قاعدہ فاضل مؤلف نے ناظرہ قرآن حکیم کی تدریس کے لئے ترتیب دیا ہے۔ اسباق کے ساتھ وضاحتی مشقیں موجود ہیں اساتذہ کیلئے موزوں مشورے اور بہترین تجاویز فاضل مؤلف کے تجربے کی شاہد ہیں۔ تجوید قرآن کے بنیادی اصول سادہ اور دلنشیں انداز میں سکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ قاری صاحب مرتب کردہ یہ قاعدہ مبتدیوں کی ضروریات بخوبی پوری کرتا ہے۔ (اختر راہی)

**محکمہ اوقاف پنجاب کے تبلیغی رسائل** محکمہ اوقاف مغربی پاکستان حال پنجاب اصلاح معاشرہ اور دینی مسائل کی ترویج کے سلسلہ میں مفید تبلیغی واصلاحی لٹریچر شائع کرتی رہتی ہے۔ اب تک ہمارے سامنے حسب ذیل رسائل آچکے ہیں۔ (الف) مؤمن کا قتل عمد۔ از ایم اے خان۔ (ب) اصلاح معاشرہ از عبدالغفار اثر (ج) ارکان اسلام از مولانا محمد بخش مسلم۔ (د) عقائد اسلام از مولانا محمد بخش مسلم۔ (ھ) مسجد اور اسلامی سوسائٹی میں اسکا کردار۔ از غازی بن صبیح مجاہد۔ (و) حضرت میاں شیر محمد صاحبؒ مصنفہ طفیل محمد سالک۔ (ز) فیصلہ ہفت مسئلہ از حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ۔ بعض سنی مکاتب فکر کے درمیان نزاعی مسائل مولود شریف، فاتحہ مروجہ، عرس، سماع، غیر اللہ کو پکارنا، جماعت ثانیہ، امکان نظیر وامکان کذب کے بارے میں حضرت حاجی صاحب کا نہایت عادلانہ اور حکیمانہ فیصلہ۔ یہ مختصر رسالہ کوزہ میں دریا کا مصداق ہے۔ محکمۂ اوقاف ایسے وقیع کتابچہ اور دیگر اصلاحی مطبوعات پر تحسین کا مستحق ہے۔ (سمیع الحق)